بہار اسٹیٹ مدرسہ ایجوکیشن بورڈ، پٹنہ

بہار اسٹیٹ مدرسہ ایجوکیشن بورڈ، پٹنہ
बिहार राज्य मदरसा शिक्षा बोर्ड,पटना
Bihar State Madrasa Education Board

5,Vidyapati Marg Patna-800001

وسطانیہ ایویلیوشن (امتحان)۔2023 کیلئے فارم بھرنے کی تاریخ میں توسیع

توسیع کی گئی تاریخ کے درمیان طلباء وطالبات لازمی طور پر فارم بھرنا یقینی بنائیں: محمد سعید انصاری

پٹنہ مورخہ یکم فروری 2023ء

ڈاکٹر محمد نور اسلام، کنٹرولر آف اکزامنیشن، بہار اسٹیٹ مدرسہ ایجوکیشن بورڈ، پٹنہ نے اطلاع دی ہے کہ درجہ وسطانیہ ایویلیوشن فارم بھرنے کی تاریخ 31 جنوری متعین تھی۔ مدارس کے ذمہ داران اور طلبا وطالبات، مدارس کے متعلق تنظیم کے ذریعہ گذارش کی گئی ہے کہ فارم بھرنے کی تاریخ میں توسیع کی جائے۔ تمام لوگوں نے دفتر مدرسہ بورڈ کو درخواست دی ہے کہ چند وجوہات کی وجہ کر ابھی کافی تعداد میں طلبا وطالبات فارم بھرنے سے محروم رہ گئے ہیں اور تاریخ ختم ہوگئی ہے۔ اگر تاریخ میں توسیع نہیں کی گئی تو طلبا وطالبات امتحان میں شامل ہونے سے محروم ہو جائیں گے اور ان کا مستقبل متاثر ہوگا۔ ان تمام درخواستوں اور طلبا وطالبات کے مستقبل کو دھیان میں رکھتے ہوئے مورخہ۔15 فروری تک بغیر تاخیری فیس کے تاریخ میں توسیع کر دی گئی ہے۔

ڈاکٹر محمد نور اسلام نے یاددہانی کے لئے دوبارہ وضاحت کی ہے کہ وسطانیہ ایویلیوشن (امتحان) 2023 کیلئے فی امیدوار 600 روپے فیس آن لائن ہی ادا کئے جائیں گے۔ وہیں محمد سعید انصاری، سکریٹری بہار اسٹیٹ مدرسہ ایجوکیشن بورڈ نے صدر مدرسین / گارجین حضرات اور طلبا وطالبات کو مطلع کیا ہے کہ توسیعی تاریخ کے درمیان ایویلیوشن فارم لازمی طور پر بھر لیں ساتھ ہی فارم بھرنے کے دوران کسی طرح کی کوئی تکنیکی غلطی ہوتی ہے تو پورنیہ کمشنری کے (پورنیہ، ارریہ، کشن گنج، کٹیہار) اضلاع کے درخواست دہندہ bsmebpurnia@gmail.com پر میل کر کے اور دیگر سبھی اضلاع کے درخواست دہندہ help.bsmeb@gmail.com پر میل کر کے غلطی درست کرائیں گے۔

ڈاکٹر محمد نور اسلام، کنٹرولر آف اکزامنیشن، بہار اسٹیٹ مدرسہ ایجوکیشن، بورڈ، پٹنہ نے وسطانیہ معیار کے جملہ مدارس ملحقہ کو اطلاع دی ہے کہ فارم بھرنے میں اگر کسی طرح کی کوئی دشواری پیش آتی ہے تو متذکرہ موبائل نمبرات ۔7481950766, 7004175443، 8235300798 سے رابطہ بھی کر سکتے ہیں۔ ساتھ ہی تمام ضروری اصلاح مدرسہ بورڈ کے انفارمیشن ٹکنالوجی سیکشن سے ہونا ہے اس لئے تمام تر سہولیات کی وضاحت وذرائع کا اندراج کر دیا گیا ہے۔

01.02.2023

(ڈاکٹر محمد نور اسلام)
کنٹرولر آف اکزامنیشن
بہار اسٹیٹ مدرسہ ایجوکیشن بورڈ، پٹنہ